Www.Ahlehaq.Com

# ڈاڑھی و بالوں کے احکام

ڈاڑھی کے جملہ احکام
مونچھوں کے جملہ کے احکام
سر کے بالوں کے احکام
پورے جسم کے بالوں کے احکام
زیرِ ناف کے مفصل احکام
عورت کے بالوں کے احکام
جدید ہیئر کلر کا حکم
خضاب کا حکم

تالیف
مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب
خادم افتاء و تدریس جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

زمزم پبلشرز

Www.Ahlehaq.Com

Www.Ahlehaq.Com

# ڈاڑھی اور بالوں کے احکام

ڈاڑھی کے جملہ احکام

مونچھوں کے جملہ کے احکام

سر کے بالوں کے احکام

پورے جسم کے بالوں کے احکام

زیرِ ناف کے مفصل احکام

عورت کے بالوں کے احکام

جدید ہیئر کلر کا حکم

خضاب کا حکم

تالیف

مولانا مفتی اِحسان اللہ شائق صاحب

خادم افتاء، وتدریس جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

زمزم پبلشرز

نزد مقدس مسجد۔ اردو بازار۔ کراچی

فون ۷۷۲۵۶۷۳

Www.Ahlehaq.Com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

Www.Ahlehaq.Com

کتاب کا نام : ڈاڑھی وبالوں کے احکام

تاریخ اشاعت : فروری ۲۰۰۳ء

باہتمام : احباب زم زم پبلشرز

کمپوزنگ : 5/106 ذیشان سوسائٹی شاہ فیصل ٹاؤن۔
فون:4574032 موبائل :0300-2305901

سرورق : احباب زم زم پبلشرز

ناشر : زم زم پبلشرز نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔
فون نمبر :7725673 - 7760374 فیکس: 7725673
ای میل : zamzam@set.net.pk
: zamzam01@cyber.net.pk

دیگر ملنے کے پتے : دارالاشاعت، اُردو بازار، کراچی
علمی کتاب گھر اُردو بازار، کراچی
قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ، کراچی
صدیقی ٹرسٹ، لسبیلہ چوک۔ کراچی: فون:7224292
مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور

Www.Ahlehaq.Com

# فہرستِ مضامین

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | عرضِ مؤلف | ۷ |
| ۲ | داڑھی منڈانے اور کٹانے کا حکم | ۹ |
| ۳ | داڑھی کا فلسفہ | ۱۰ |
| ۴ | ایک مشت سے زائد داڑھی کتروانا | ۱۳ |
| ۵ | داڑھی تینوں جوانب سے ایک مٹھی ہونا ضروری ہے | ۱۳ |
| ۶ | داڑھی کی حد کہاں سے شروع ہوتی ہے | ۱۴ |
| ۷ | رُخسار کے بالوں کا حکم | ۱۴ |
| ۸ | حلق کے بالوں کا حکم | ۱۵ |
| ۹ | ریشِ بچہ کا حکم | ۱۵ |
| ۱۰ | سفید بال اُکھاڑنے کا حکم | ۱۶ |
| ۱۱ | کٹے ہوئے بالوں کا حکم | ۱۷ |
| ۱۲ | داڑھی پیدا کرنے کیلئے اُسترا چلانا | ۱۷ |
| ۱۳ | داڑھی کو برا سمجھنا | ۱۸ |
| ۱۴ | داڑھی منڈانے کی تاریخ | ۱۸ |
| ۱۵ | داڑھی میں گرہ لگانا | ۱۹ |
| ۱۶ | داڑھی کے بال مسجد میں نہ گریں | ۲۰ |

Www.Ahlehaq.Com


| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ | ملازمت کی خاطر داڑھی منڈانا | ۲۰ |
| ۱۸ | داڑھی رکھنا سنت ہے یا واجب؟ | ۲۲ |
| ۱۹ | عورت کی داڑھی مونچھ نکل آئے تو کیا کرے | ۲۳ |
| ۲۰ | خضاب کا حکم | ۲۴ |
| ۲۱ | سیاہ خضاب کا حکم | ۲۵ |
| ۲۲ | مجاہدین کیلئے سیاہ خضاب کا حکم | ۲۷ |
| ۲۳ | دھوکہ دہی کیلئے سیاہ خضاب کا استعمال | ۲۸ |
| ۲۴ | بیوی کو خوش کرنے کیلئے سیاہ خضاب استعمال کرنے حکم | ۲۸ |
| ۲۵ | جدید ہیئر کلر کا حکم | ۳۰ |
| ۲۶ | سیاہ خضاب تیار کرنا | ۳۰ |
| ۲۷ | داڑھی منڈے کی اذان واقامت | ۳۱ |
| ۲۸ | داڑھی کٹانے والے کی امامت | ۳۲ |
| ۲۹ | داڑھی کٹانے والے کے پیچھے نمازِ تراویح پڑھنا جائز نہیں | ۳۲ |
| ۳۰ | داڑھی مونڈنے کی اُجرت | ۳۳ |
| ۳۱ | ہاتھوں کا گناہ | ۳۳ |
| ۳۲ | داڑھی منڈے کو سلام کرنے کا حکم | ۳۴ |
| ۳۳ | داڑھی منڈے کے سلام کا جواب | ۳۵ |
| ۳۴ | ہر داڑھی والے کو مولانا کہنے کا حکم | ۳۵ |

Www.Ahlehaq.Com


| | | |
|---|---|---|
| ۳۵ | مونچھوں کا حکم | ۳۷ |
| ۳۶ | مونچھوں کو تراشنے کا حکم | ۳۸ |
| ۳۷ | مونچھوں کو دائیں بائیں بڑھانے کا حکم | ۳۸ |
| ۳۸ | مجاہدین کیلئے مونچھیں بڑھانے کا حکم | ۳۹ |
| ۳۹ | مونچھوں کو مونڈنے کا حکم | ۳۹ |
| ۴۰ | سر کے بالوں کی جائز صورتوں کی تفصیل | ۴۱ |
| ۴۱ | سر پر بال رکھنے کا حکم | ۴۲ |
| ۴۲ | سر کے بالوں کی ناجائز صورتیں | ۴۳ |
| ۴۳ | بچوں کے بالوں کا حکم | ۴۳ |
| ۴۴ | مرد کیلئے جوڑا باندھنا جائز نہیں | ۴۴ |
| ۴۵ | عورتوں کا جوڑا باندھنا | ۴۵ |
| ۴۶ | مصنوعی بال لگانے کا حکم | ۴۶ |
| ۴۷ | انسانی بالوں کو بیچنا | ۴۷ |
| ۴۸ | عورتوں کا بال کٹوانا | ۴۷ |
| ۴۹ | عورتوں کیلئے بال کٹوانے کی ممانعت کس عمر سے ہے؟ | ۴۹ |
| ۵۰ | ابرو کا حکم | ۴۹ |
| ۵۱ | سینہ اور پیٹ کے بالوں کا حکم | ۵۰ |
| ۵۲ | ران اور بازو کے بالوں کا حکم | ۵۰ |

www.Ahlehaq.com


| | | |
|---|---|---|
| ۵۳ | ناک کے اندر کے بالوں کا حکم | ۵۰ |
| ۵۴ | کان کے بالوں کا حکم | ۵۱ |
| ۵۵ | گردن کے بالوں کا حکم | ۵۱ |
| ۵۶ | زیرِ بغل کا حکم | ۵۲ |
| ۵۷ | زیرِ ناف کا حکم | ۵۲ |
| ۵۸ | زیرِ ناف صاف کرنے کا مسنون طریقہ | ۵۳ |
| ۵۹ | زیرِ ناف صاف کرنے کیلئے پاؤڈر کا استعمال | ۵۳ |
| ۶۰ | زیرِ ناف دوسرے سے صاف کروانا | ۵۳ |
| ۶۱ | زیرِ ناف کی حدود | ۵۴ |
| ۶۲ | سر میں تیل لگانے کا حکم | ۵۵ |
| ۶۳ | سر پر مانگ نکالنے کا حکم | ۵۶ |
| ۶۴ | بالوں کو اچھی طرح رکھنے کا حکم | ۵۶ |
| ۶۵ | بال کے پاک و ناپاک ہونے کی تفصیل | ۵۷ |
| ۶۶ | محرم اگر سر پر سے دو چار جگہ سے تھوڑے بال کٹوائے تو حلال ہوگا یا نہیں؟ | ۵۸ |
| ۶۷ | محرم کے سر پر بال نہ ہوں تو کیا کرے؟ | ۵۹ |
| ۶۸ | داڑھی منڈانے کے دنیاوی نقصانات | ۶۰ |
| ۶۹ | داڑھی کے متعلق ایک نظم | ۶۳ |

Www.Ahlehaq.Com

# عرضِ مؤلف

نحمدہ و نصلی علی رسوله الکریم :

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے الدنیا سجن المومن وجنة الکافر یعنی ''دنیا مومن کیلئے قید خانہ ہے اور کافر کیلئے جنت ہے''۔

مطلب یہ ہے کہ کافر ایمان کی دولت سے محروم ہونے کی بناء پر احکامِ شرع کا پابند نہیں آزاد ہے لیکن جس بندے کو اللہ تعالٰی نے ایمان کی دولت سے نوازا ہے وہ شریعت کے تمام احکام کا پابند ہے وہ دنیا میں آزادانہ زندگی نہیں گزار سکتا۔ زندگی کے ہر شعبہ میں احکامِ شرع کی پابندی کرنا اس پر لازم ہے۔ اسلام میں دیگر شعبہاءِ زندگی کی طرح انسانی جسم کے تمام بالوں کے متعلق بھی واضح احکامات موجود ہیں۔ سر کے بال، داڑھی کے بال مونچھیں زیرِ ناف، زیر، بغل اسی طرح عورتوں کے سر کے بال وغیرہ غرضیکہ انسانی جسم میں اُگنے والے تمام بالوں سے متعلق الگ الگ احکامات موجود ہیں ان کی پابندی ہر مومن مرد وعورت کیلئے ضروری ہے لیکن موجودہ دور میں دیگر احکاماتِ شرعیہ کی طرح بالوں کے متعلق بھی انتہائی غفلت برتی جارہی ہے۔ اس لئے خیال ہوا کہ بالوں کے متعلق تمام مسائل کو قرآن وحدیث اور فقہ کی معتبر ومستند کتابوں سے اخذ کر کے یکجا کیا جائے۔ تاکہ

www.Ahlehaq.com

لوگوں کیلئے مسائل کو تلاش کرنا ان پر عمل کرنا آسان ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے یہ کام مکمل ہوا اور رسالہ کی شکل میں منظر عام پر آیا اور کچھ ہی عرصہ میں اسکا پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا بہت سے احباب نے اسکے مفید ہونے کی اطلاع دی البتہ نظر ثانی کا مشورہ دیا ہے اس لئے اب دوسرے ایڈیشن کے موقع پر خیال ہوا کہ اس پر نظر ثانی کیجائے اور کچھ مزید اضافہ کیا جائے الحمدللہ اب یہ رسالہ اضافہ و تصحیح کے ساتھ پیش خدمت ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے اس رسالہ کو قبول فرمائے امت کے لئے نافع بنائے۔ میرے لئے اور میرے اساتذہ کرام، والدین اور جملہ معاونین کیلئے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

و صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقه محمد و اله و اصحابه اجمعین

راقم الحروف

بندہ احسان اللہ شائق عفا اللہ عنہ

خادم افتاء و تدریس

جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

پیر ۸/ذی الحجہ ۱۴۲۳ھ بمطابق ۱۰/فروری ۲۰۰۳ء

# داڑھی منڈانے اور کٹانے کا حکم

سوال: داڑھی منڈانے اور ایک مشت سے کم کرنے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب: مردوں کیلئے داڑھی رکھنا واجب ہے اور اسکی مقدار شرعی ایک قبضہ یعنی ایک مشت ہے داڑھی رکھنا تمام انبیاء علیہم السلام کی متفقہ سنت مستمرہ ہے۔ اسلامی اور قومی شعار ہے شرافت و بزرگی کی علامت ہے چھوٹے بڑے میں فرق و امتیاز کرنے والی ہے۔ اسی سے مردانہ شکل کی تکمیل اور صورت نورانی ہوتی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دائمی عمل ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فطرت سے تعبیر فرمایا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو داڑھی رکھنے کا تاکیدی حکم فرمایا ہے۔ لہٰذا داڑھی رکھنا واجب اور ضروری ہے منڈانا حرام اور گناہ کبیرہ ہے اس پر امت کا اجماع ہے۔

Www.Ahlehaq.Com

وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم خالفوا المشرکین اوفرو اللحیٰ و احفوا الشوارب و کان ابن عمر رضی اللہ عنہما اذا حج او اعتمر قبض علی لحیتہ فما فضل اخذ۔ (بخاری ص ۸۷۵ ج ۲)

یعنی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ

www.Ahlehaq.com

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مشرکین کی مخالفت کرو۔ داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھوں کو کٹاؤ۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب کبھی حج یا عمرہ کرتے تھے تو داڑھی کو مٹھی میں پکڑلیا کرتے تھے۔ بس جو مٹھی سے زیادہ ہوتی اسکو کتروا دیتے۔

علامہ محمود خطاب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اسی وجہ سے تمام ائمہ مجتہدین جیسے امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ علیہم وغیرہ کے نزدیک داڑھی منڈانا حرام ہے۔ ﴿المنہل ص ۱۸۶ ج ۱ فتاویٰ رحیمیہ ص ۲۲۵ ج ۶﴾

حضرت اقدس تھانوی نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں:

داڑھی رکھنا واجب ہے منڈانا کٹانا ایک مشت سے کم کرنا حرام ہے۔

لقوله عليه السلام خالفوا المشركين او فروا اللحى متفق عليه وفى الدر المختار يحرم على الرجل قطع لحيته و السنة فيها القبضه

﴿امداد الفتاویٰ ص ۲۲۳ ج ۴﴾

## داڑھی کا فلسفہ اور اسکے رکھنے کا حکم

مسلم قوم ایک مستقل وممتاز ملت ہے جو تمام اقوام وملل سے بالکل علیحدہ فطرت سلیمہ کی حامل و مالک ہے اللہ نے اسکو اقوام عالم پر شاہد و عادل بنا کر بھیجا ہے۔

WWW.Ahlehaq.com

و کذالک جعلنا کم أمة وسطا لتکونوا شهداء علی الناس و یکون الرسول علیکم شهیدا ○ کنتم خیرا أمةٍ أُخرجت للناس ○

(یعنی ہم نے تم کو ایک ایسی امت بنایا ہے جو نہایت اعتدال پر ہے تا کہ تم لوگوں پر شاہد ہو اور تمہارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شاہد ہوں، تم لوگ بہترین امت ہو جو لوگوں کیلئے ظاہر کیگئی ہے)

لیکن افسوس کہ یہ قوم اپنی دینی و مذہبی خصوصیات تو عرصہ ہوا کھو چکی تھی آج اپنی تمدنی و معاشرتی امتیازات کو بھی فنا کرتی جارہی ہے۔ رسم و رواج میں اہل وطن (ہنود) کی اتباع تمدن و معاشرت میں اہل مغرب (انگریزوں) کی تقلید مسلمان کے رگ و ریشہ میں سرایت کرتی جارہی ہے۔

آج جبکہ دنیا کی ہر قوم اپنی زندگی اور اپنی قومی و ملّی خصوصیت کے بقاء و تحفظ کیلئے سرگرم عمل نظر آرہی ہے۔ مسلمان اپنی قومی و ملی خصوصیات و امتیازات کو فرنگیت کے بھینٹ چڑھا کر ان ہی میں جذب ہوتی جارہی ہے۔

یاللعجب، کل جو قوم اقوام عالم کیلئے جاذب و مصلح تھی، (مقتداء و رہنماء تھی، ہر قوم اسلام کے دامن میں پناہ کی متلاشی تھی)

وہ آج کس سرعت کے ساتھ دوسروں میں جذب ہوتی جارہی ہے۔ اور

www.Ahlehaq.com

دوسروں کی نقالی ہی کو معیار ترقی خیال کیا جاتا ہے، حالانکہ اہل بصیرت کے نزدیک یہ انتہائی تنزل وانحطاط اور قومیت کے لئے زہر ہلاہل سے کم نہیں۔

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان است

داڑھی اسلام کے اہم شعار میں سے ہے، بلکہ انسانی وفطری اصول سے خواص رجولیت میں سے ہے لیکن افسوس سب سے زیادہ مسلمان ہی اسکی صفائی کے درپے ہیں اور اس طور سے قومی وملّی امتیاز سے قطع نظر فطرت وانسانیت کیلئے بھی مضحکہ خیزی کا ذریعہ بن رہی ہے،

اس لئے جب داڑھی اسلام کا شعار ہے، اور داڑھی کٹوانا یا منڈانا، اور مونچھوں کا بڑھانا یہود ونصاریٰ اور مشرکین کا شعار ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو داڑھی رکھکر اس شعار کی حفاظت کا اور دوسری اقوام کی مخالفت کا حکم فرمایا ہے، چنانچہ صحیح بخاری ومسلم میں ہے،

خالفوا المشرکین او فروا اللحیٰ و اعفوا الشوارب. ﴿مسلم﴾

جزوا الشوارب و ارحوا اللحیٰ خالفوا المجوس. ﴿بخاری ص ۸۷۵﴾

Www.Ahlehaq.com

ان روایات کے مثل اور بہت سی روایات کتب حدیث میں موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں مشرکین اور مجوس داڑھی منڈاتے تھے اور مونچھیں بڑھاتے تھے جیسا کہ آج کل عیسائی اور ہندو قوم کررہی ہے۔ تو مسلمانوں پر لازم ہے۔ اپنے اس شعار کی حفاظت کرے، ایک مٹھی کی مقدار داڑھی رکھے، اسکو ہرگز کم نہ کرے اور مونچھوں کو کٹوائے۔ ﴿ماخذہ: امدادالفتاویٰ﴾

## ایک مشت سے زائد داڑھی کو کتروانا

سوال: داڑھی جب ایک مٹھی سے بڑھ جائے تو اسکو کتروانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: مٹھی سے زیادہ داڑھی کو کتروانا جائز ہے۔

والقصر سنة فيها و هو ان يقبض الرجل لحيته فان زاد منها علی قبضة قطعه كذا ذكر محمد رحمه الله.

﴿عالمگیری ص ۲۳۹ ج ۴ اور امدادالفتاویٰ ص ۲۲۰ ج ۴﴾

## داڑھی تینوں جانب سے ایک مٹھی ہو

سوال: داڑھی کا ایک مٹھی ہونا صرف نیچے ٹھوڑی کی جانب سے یا ہر جانب سے؟

جواب: ہر جانب سے ایک مٹھی ہونا ضروری ہے یعنی ٹھوڑی کے نیچے سے مٹھی پکڑ کر زائد کو کاٹے اسی طرح دونوں جانب سے، بھی مٹھی بھر ہونا ضروری ہے۔

Www.Ahlehaq.com

## داڑھی کہاں سے شروع ہوتی ہے

سوال: داڑھی کہاں سے شروع ہوتی ہے تاکہ سر منڈاتے وقت وہاں تک منڈایا جائے۔ آیا کان کی پاپڑی تک یا وسط تک یا بالائی حصہ کان تک؟

جواب: کنپٹی کے نیچے جو ہڈی ابھری ہوئی ہے یہاں سے داڑھی شروع ہے اس سے اوپر سر۔ پس سر کی حد تک منڈانا درست ہے۔ داڑھی کی حد سے درست نہیں۔

﴿امداد الفتاویٰ ص ۲۲۱ ج ۴﴾

## رخسار کے بالوں کا حکم

سوال: رخسار کے بال صاف کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جبڑے کی ہڈی پر جو بال ہوں وہ داڑھی میں شامل ہیں ان کو چھوڑ کر جبڑے کی ہڈی کے اوپر جہاں سے رخسار شروع ہوتا ہے ان کو برابر کر دینا خط بنوانا درست ہے۔ کیونکہ رخسار کے بال داڑھی کے حکم میں نہیں ہیں۔

کمافی البحر الرائق قال : و ظاهر کلامهم ان المراد باللحية الشعر النابت على الخدين من عذارو عارض و الذقن و فی شرح الارشاد اللحية الشعر النابت بمجتمع اللحيين و العارض بينهما و بين العذارو هو القدر المحاذی للاذن متصل عن الاعلیٰ بالصدغ من

Www.Ahlehaq.Com

الاسفل. ﴿ص: ۱۶ ج: ۱﴾

## حلق کے بالوں کا حکم

سوال: حلق یعنی جبڑے کے نیچے گلے میں جو بال ہوتے ہیں ان کو کاٹنے اور منڈانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: حلق کے بالوں کو کاٹنا یا منڈانا مکروہ ہے۔ ﴿بہشتی گوہر﴾

وفی الشامیة قال: و لا یحلق شعر حلقه و عن ابی یوسف لا باس به ﴿شامی ص ۲۸۸ ج ۵ کتاب الحظر والاباحة﴾

## ریش بچہ کا حکم

سوال: ریش بچہ یعنی ہونٹ کے نیچے ٹھوڑی پر جو بال ہوتے ہیں، اس طرح بچی کے دونوں جانب جو بال ہوتے ہیں ان کا کیا حکم ہے آیا داڑھی کے حکم میں ہے یا نہیں؟

الجواب: ریش بچہ تو داڑھی کا حصہ ہے اسکا حکم داڑھی کا حکم ہے۔ بچی کے دونوں جانب لب زیریں کے بال منڈوانے کو فقہاء نے بدعت لکھا ہے۔ ﴿بہشتی گوہر﴾

وفی الشامیة قال : نتف الفنبکین بدعة و هما جانبا العنفقة و هی شعر الشفة السفلی کذا فی الغرائب. ﴿شامی ص ۴۰۷ ج ۶ کتاب الحظر والاباحة﴾

www.Ahlehaq.com

# سفید بال اکھاڑنے کا حکم

سوال: کسی کی عمر اگر کم ہو مثلاً تیس ۳۰ پینتیس ۳۵ سال اسکی داڑھی میں ایک دو سفید بال نظر آئیں تو انکو اکھاڑنا کیسا ہے؟

جواب: ایک دو سفید بال بغیر نیت زینت اکھاڑنے کی گنجائش ہے، یعنی اسکی عادت نہ بنائے کہ جب بھی کوئی بال سفید نظر آئے اسکو اکھاڑ دیا جائے۔ کیونکہ حدیث میں سفید بال کو مومن کیلئے نور قرار دیا ہے۔

و فی الشامیہ قال : و لابأ س بنتف الشیب۔

﴿ص ۴۰۷ ج ٦ حظرو اباحة﴾

و فی الهندیه قال : نتف الشیب مکروه للتزیین لالترهیب العدو. ﴿عالمگیری ص ۳۵۹ ج ۵﴾

و روی عن عمروبن شعیب عن ابیه عن جده رضوان الله علیهم اجمعین قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تنتفوا الشیب فانه ما مسلم یشیب شیبة فی الاسلام الا کانت له نوراً یوم القیامة. ﴿الترغیب والترھیب ۱۸۳ ج ۴﴾

www.Ahlehaq.com

## کٹے ہوئے بالوں کا حکم

سوال: داڑھی کے جو بال گر جائیں یا ایک مٹھی سے زائد بال کاٹ دیئے جائیں ان بالوں کو دفن کیا جائے یا کہیں ڈال دیا جائے؟

جواب: کٹے ہوئے بال ہوں یا ناخن یا جسم کا اور کوئی حصہ انکو دفن کر دینا چاہیئے۔ اور اگر دفن نہ کرے بلکہ کسی محفوظ جگہ ڈال دے تو یہ بھی جائز ہے۔ مگر نجس اور گندی جگہ نہ ڈالے۔ اس سے بیماری کا اندیشہ ہے۔ اور انسانی اعضاء کے احترام کے بھی خلاف ہے۔ ﴿بہشتی گوہر ص ۱۱۶﴾

وفی الشامیة قال : فاذا قلم اظفاره اوجز شعره ینبغی ان یدفنه فان رمی به فلا باس و ان القاه فی الکنیف او فی المغتسل کره لانه یورث داء. ﴿ص ۲۸۷ ج ۱ مکتبہ ماجدیہ﴾

## داڑھی پیدا کرنے کیلئے استرہ چلانا

سوال: ایک شخص کی عمر ۲۳ سال ہے مگر اسکی داڑھی اور مونچھیں نہیں نکلیں کیا وہ اس احتمال کی بناء پر کہ شاید نکل آئے استرا چلا سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: اس ضرورت سے استرا چلانا جائز ہے۔ ﴿احسن الفتاویٰ ص ۷۷ ج ۸﴾

www.Ahlehaq.com

## داڑھی کو بُرا سمجھنا

سوال: سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم خصوصاً داڑھی کا مذاق اڑانا کیسا ہے؟

جواب: کسی ادنیٰ سے ادنیٰ سنت کو برا سمجھنا یا اسکا مذاق اڑانا درحقیقت اسلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ استہزاء ہے، جس کے کفر ہونے میں کوئی شبہ نہیں جب سنت سے استہزاء کفر ہے تو داڑھی تو واجب ہے، اور شعار اسلام ہے ایک مشت سے کم کرنا بالاجماع حرام ہے اسکا مذاق اڑانا بطریق اولیٰ کفر ہے۔

فی العلائیہ قال : و اما الاخذ منها و هی دون ذالک کما یفعله بعض المغاربة و مخنثة الرجال فلم یبحه احد. ﴿شامیہ ص ۱۲۳ ج ۲﴾

اسے دوبارہ مسلمان کر کے نکاح بھی دوبارہ کیا جائے۔

﴿ماخوذ از احسن الفتاویٰ ص ۴۲ ج ۱﴾

## داڑھی منڈانے کی تاریخ

سوال: انسانوں میں داڑھی منڈانے کا یہ قبیح فعل کب سے شروع ہوا ہے؟

جواب: تاریخ سے معلوم ہوتا ہے سب سے پہلے یہ عمل قوم لوط سے شروع ہوا۔ اغلب یہی ہے وہ امرد پرست تھے۔ غالباً جب ان کے مردوں کی داڑھیاں آجاتی تھیں تو امرد ہی رہنے کی غرض سے وہ داڑھی منڈوایا کرتے تھے۔ چنانچہ جناب نبی

Www.Ahlehaq.Com

کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''دس بُرے کاموں کیوجہ سے قومِ لوط ہلاک کی گئی ہے جن میں سے ایک لواطت ہے اور شراب پینا اور داڑھی منڈوانا اور مونچھیں بڑھانا بھی''۔ ﴿درمنثور ص ۲۲۴ ج ۳۔روح المعانی ۶۴ ج ۱۷﴾

## داڑھی میں گرہ لگانا

سوال: بعض لوگ داڑھی تو رکھتے ہیں لیکن اسکو موڑ کر گرہ لگا لیتے ہیں یا اوپر چڑھا لیتے ہیں کیا شرعاً ایسا کرنا درست ہے؟

جواب: عن رویفع بن ثابت رضی الله عنه قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم یا رویفع الحیاة ستطول بک بعدی فاخبر الناس ان من عقد لحیته او تقلد ا وتراً او استنجی برجیع دابة او عظم فان محمداً منه بری. ﴿روہ ابوداؤد مشکوٰۃ ص ۴۳﴾

رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا میرے بعد قریب ہے کہ تیری زندگی دراز ہو تو لوگوں کو خبر دینا کہ جو شخص اپنی داڑھی میں گرہ لگائے یا داڑھی چڑھائے یا تانت کا قلادہ ڈالے یا گوبر اور ہڈی سے استنجاء کرے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بَری ہے۔ ﴿مشکوٰۃ﴾

تو معلوم ہوا کہ داڑھی لٹکانے کے بجائے اوپر چڑھانا یا اس پر گرہ لگانا بڑا

www.Ahlehaq.com

گناہ ہے۔ اسکو اپنی اصلی حالت پر چھوڑنا چاہئے۔

## داڑھی کے بال مسجد میں نہ گریں

بعض لوگ وضو وغیرہ کے بعد داڑھی کے بالوں کو درست کرنے کیلئے مسجد میں ہی کنگی کر لیتے ہیں شرعاً اس میں کوئی قباحت تو نہیں البتہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ بال مسجد میں نہ گریں اگر کوئی بال ٹوٹ جائے تو اسکو جیب میں رکھ لے۔ کیونکہ مسجد کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔

## ملازمت کی خاطر داڑھی منڈانا

سوال: بعض لوگ کہتے ہیں کہ داڑھی اسلئے منڈاتے ہیں تاکہ اچھی نوکری مل جائے سرکاری ملازمت مل جائے اگر داڑھی رکھیں گے تو یہ ملازمتیں نہیں ملیں گی۔ کیا ملازمت کی خاطر داڑھی منڈانا جائز ہے؟

جواب: ملازمت کرنا یا کسی اور ذریعہ معاش کو اختیار کرنا شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں بلکہ شریعت مطہرہ نے اسکا حکم دیا ہے کہ انسان فرائض کی ادائیگی کے بعد کوئی بھی حلال ذریعہ معاش اختیار کرے۔ لیکن معاش کی خاطر شریعت، مطہرہ کے کسی حکم کو چھوڑنا حرام کا ارتکاب کرنا شرعاً اسکی قطعاً اجازت نہیں۔ داڑھی رکھنا شرعاً واجب اسکا منڈانا، مٹھی سے کم کرنا حرام ہے۔ لہذا ملازمت کی خاطر داڑھی

منڈانے یا کٹانے کی شرعاً ہرگز اجازت نہیں۔ اگر اسکے بغیر ملازمت نہ مل رہی ہو تو تب بھی داڑھی منڈانے کے جرمِ عظیم کا ارتکاب نہ کریں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرکے اسی سے دعا مانگتے رہیں اور فراخی رزق کا انتظار کریں۔

Www.Ahlehaq.Com

ارشاد باری ہے:

و من یتق اللہ یجعل لہ مخرجاً ویرزقہ من حیث لا یحتسب و من یتوکل علی اللہ فھو حسبہ. (جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اسکی نافرمانی اور گناہ کا کام نہیں کرتا تو حق تعالیٰ اسکے لئے (مشکلات سے) نجات کی راہ نکالتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں اسکا گمان بھی نہیں ہوتا، اور جو کوئی خدا پر بھروسہ رکھتا ہے (اسکی مشکلات حل کرنے کیلئے) خدا تعالیٰ کافی ہے۔

﴿سورۃ الطلاق﴾

ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے:

و لا یحملنکم استبطاء الرزق ان تطلبوہ بمعاصی اللہ .

(یعنی تمہیں رزق دیر سے ملنا اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ذریعہ رزق طلب کرنے لگو)۔

www.Ahlehaq.Com

## داڑھی رکھنا سنت ہے یا واجب؟

سوال: بعض لوگ داڑھی کے متعلق کہتے ہیں کہ داڑھی رکھنا سنت ہے رکھ لے تو بہتر ہے نہ رکھے تو کوئی حرج نہیں ہے کیا واقعی داڑھی رکھنا سنت ہے؟

جواب: داڑھی رکھنا شرعاً واجب (فرض عملی) ہے مگر اسکا ثبوت سنت (یعنی حدیث) سے ہے۔ اسی لئے بعض لوگ سنت کہدیتے ہیں۔ چنانچہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

هو ما يقال انها سنة فمعناها طريقه مسلوكة فى الدين اوان وجوبها ثبت بالسنة. ﴿لمعات شرح مشکوۃ﴾

یعنی یہ جو کہا جاتا ہے داڑھی سنت ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ یہ اسلامی طریقہ ہے یا اسکا واجب ہونا حدیث سے ثابت ہوا ہے، بلکہ ہر واجب سنت ہی سے ثابت ہوتا ہے جیسا کہ درمختار باب وتر میں ہے:

هو فرض عملا واجب اعتقاداً سنة ثبوتا. اى ثبوته علم من جهة السنة لا القرآن. یعنی نماز وتر کے واجب ہونے کا ثبوت سنت سے ہوا ہے نہ کہ قرآن سے۔

داڑھی کو سنت کہنا بعینہ ایسا ہے جیسا کہ قربانی کو سنت ابراہیم علیہ السلام

Www.Ahlehaq.com

کہا جاتا ہے۔ پس جبکہ قربانی کو سنت ابراھیم کہنے سے یہ قربانی فرض ہونے سے نکل کر مستحب نہیں بن جاتی اسی طرح داڑھی کو سنت رسول کہہ دینے سے یہ واجب ہونے سے نہیں نکل جاتی بلکہ اسکا منڈانا حرام ہی رہتا ہے۔ اسکو صرف سنت سمجھ کر اسکے حکم کو ہلکا سمجھنا بہت غلط بات ہے۔ ﴿ماخوذ از داڑھی کا وجوب﴾

## عورت کی داڑھی مونچھ نکل آئے تو کیا کرے

سوال: عورت کیلئے چہرہ کے بال صاف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: عورتوں کو اپنے چہرے کے بال چنوانا مکروہ ہے۔ ہاں البتہ ایسے بال جو شوہر کیلئے وحشت کا سبب بنے اسکو صاف کرنا جائز ہے۔ اسیطرح اگر کسی عورت کے چہرہ پر داڑھی مونچھ نکل آئے تو اسکو صاف کرانا جائز بلکہ مستحب ہے بال چننے پر جو لعنت وارد ہوئی ہے انکا مورد یہ ہے کہ ابرو کے اطراف سے بال اکھاڑ کر باریک دھاری بنائی جائے۔

وفی الشامیة (قوله النامصة) ذكره فى الاختيار ايضاً و المغرب النمص نتف الشعر و منه المنماص المنقاش لعله محمول على ما اذا فعلته لتتزين للاجانب و الافلو كان فى و جهها شعر ينفر زوجها عنها بسببه ، ففى تحريم ازالته بعد لأن الزينة للنساء مطلوبة

Www.Ahlehaq.com

للتحسين الا أن يحمل على مالا ضرورة اليه لما فى نتفه بالمنماص من الايذاء و فى تبيين المحارم ازالة الشعر من الوجه حرام الا اذا نبت لامرأة لحية أو شوارب فلا تحرم ازالته بل تستحب.

﴿شامیہ ص ۳۷۳ ج ۶ ایچ ایم سعید﴾

## خضاب کا حکم

سوال: داڑھی اور سر کے بالوں میں خضاب کا کیا حکم ہے؟

جواب: سیاہ رنگ کے سوا دوسرے رنگوں کا خضاب علماء مجتہدین کے نزدیک جائز بلکہ مستحب ہے اور سرخ خضاب خالص حناء کا یا کچھ سیاہی مائل جس میں کتم شامل کیا جاتا ہے مسنون ہے۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جمہور محدثین کے نزدیک ایسا خضاب استعمال کرنا ثابت ہے صحیح بخاری میں عثمان بن عبداللہ ابن موہب سے مروی ہے کہ ہم ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے تو انہوں نے ہمارے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا موئے مبارک نکالا۔ دیکھا تو وہ حناء و کتم سے خضاب کیا ہوا تھا۔ ﴿زادالمعاد ص ۱۳۶ ج ۲﴾

اسی طرح جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ان احسن ما غيرتم به الشيب الحناء و الكتم. ﴿رواہ سنن الاربعہ﴾

www.Ahlehaq.com

بہترین رنگ جس سے سفید بالوں کی سفیدی تبدیل کی جائے مہندی اور وسمہ ہیں۔

## سیاہ خضاب کا حکم

سوال: سیاہ خضاب کا کیا حکم ہے؟

جواب: سیاہ خضاب کا استعمال خواہ داڑھی میں ہو خواہ سر میں حرام ہے چنانچہ صحیح احادیث میں سفید بالوں کے تبدیل کیلئے حناء (مہندی) اور کتم (وسمہ) استعمال کرنے کی ترغیب اور خالص سیاہ رنگ استعمال کرنے پر بہت سخت وعیدیں آئی ہیں۔ چنانچہ: جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آخر زمانہ میں کچھ لوگ آئیں گے جو کبوتروں کے پوٹوں کی طرح سیاہ رنگ کا خضاب کریں گے یہ جنت سے اتنے دور رکھے جائیں گے کہ اسکی خوشبو بھی نہ سونگھ سکیں گے۔

﴿ابوداود۔ نسائی۔ احمد﴾

وعن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ مرفوعاً من خضب بالسواد سود اللہ وجهه یوم القیامه ﴿رواه الطبرانی وابن ابی عاصم کنز العمال ص ۶۷۱ ج ۶ ، جمع الوسائل ص ۱۲۵ ج ۱ ، اوجز المسالک ص ۳۳۵ ج ۶﴾

جو سیاہ خضاب استعمال کرے گا اللہ تعالیٰ روز قیامت اسکا چہرہ سیاہ کر دیں گے۔

عن جابر رضی الله عنه قال اتی بابی قحافة رضی الله عنه

www.Ahlehaq.Com

يوم فتح مكة و راسه كالثغامه. فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم غيروا هذا بشئ و اجتنبوا السواد. ﴿مسلم، ابوداود، نسائی، احمد﴾

یعنی فتح مکہ کے روز حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے گئے ان کے سر اور داڑھی کے بال ثغامہ گھاس کی طرح سفید تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ان کی سفیدی کسی چیز سے تبدیل کر دو لیکن سیاہ رنگ سے اجتناب برتو۔

يستحب للرجل خضاب شعره و لحيه الى ....قوله و يكره بالسواد. ﴿الدر المختار علی هامش رد المختار ص ۴۲۲ ج ۶﴾

(یعنی مرد کیلئے سر اور داڑھی پر خضاب کرنا مستحب ہے مگر سیاہ رنگ کا خضاب مکروہ تحریمی ہے)۔

حضرت اقدس مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ سر اور داڑھی میں سیاہ خضاب لگانا از روئے شرع حرام ہے۔ کیونکہ کلیاً و جزیاً اس پر وعید آئی ہے۔

﴿ملخص از امداد الفتاویٰ ص ۲۱۸ ج ۴﴾

## حضرت مفتی عبدالرحیم لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

سوال: سر کے بال جوانی میں سفید ہو جائیں تو سیاہ خضاب لگانا کیسا ہے؟

جواب: سیاہ خضاب لگانا سخت گناہ ہے احادیث میں اس پر وعید آئی ہے۔

﴿فتاویٰ رحیمیہ ص ۲۹ ج ۲﴾

## مجاہدین کیلئے سیاہ خضاب کا حکم

سوال: مجاہد کے بال سفید ہو گئے ہوں تو جہاد میں جاتے وقت دشمن پر رعب ڈالنے کی غرض سے سیاخضاب استعمال کر سکتے ہیں؟ شرعاً اسکا کیا حکم ہے؟

جواب: دشمن پر رعب ڈالنے کی غرض سے جہاد کے موقع پر سیاہ خضاب کا استعمال بالاتفاق محمود و مستحسن ہے۔ قال فی الذخیرہ: اما الخضاب بالسواد للغزو لیکون اھیب فی عین العدو . فھو محمود بالاتفاق. و ان یزین نفسه للنساء مکروہ و علیه عامة المشایخ ﴿فتاویٰ شامی ص ۴۲۲ ج ۲﴾

Www.Ahlehaq.Com

و غیر واھذا الشیب و اجتنبوا السواد قال الحموی ھذا فی حق غیر الغزاۃ ولا یحرم فی حقھم للارھاب.

﴿فتاویٰ شامی ص ۷۳۶ ج ۲﴾

www.Ahlehaq.Com

## دھوکہ دہی کیلئے خضاب کا استعمال

سوال: مرد وعورت کا ایک دوسرے کو دھوکہ دینے کیلئے سیاہ خضاب کے استعمال کا کیا حکم ہے؟

جواب: مرد ہو یا عورت دھوکہ سے اپنے کو جوان ظاہر کرنے کیلئے سیاہ خضاب کا استعمال بالاتفاق مشائخ وعلماء مجتہدین ناجائز اور حرام ہے۔ کیونکہ دھوکہ دینا فی نفسہ حرام ہے اور نفاق کی علامت ہے۔ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

من غشنا فلیس منا و المکرو الخداع فی النار. رواہ الطبرانی فی الکبیر و الصغیر باسناد جید.

یعنی جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہمیں دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں اور مکر وفریب جہنم میں ہے۔ ﴿طبرانی﴾

مطلب یہ ہے کہ دھوکہ دہی ایک مسلمان سے بعید ہے۔

## بیوی کو خوش کرنے کیلئے سیاہ خضاب استعمال کرنے کا حکم

سوال: بیوی کو خوش کرنے کیلئے سیاہ خضاب استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اکثر علماء و مجتہدین نے اس امر کی تصریح کردی ہے کہ بیوی کی دلجوئی کی

www.Ahlehaq.com

خاطر زینت کیلئے سیاہ خضاب کا استعمال مکروہ تحریمی ہے۔ جیسا کہ شامیہ اور عالمگیریہ میں صراحت ہے۔ **و من فعل ذالک لیزن نفسه للنساء و لحبب نفسه الیهن فذالک مکروه و علیه عامة المشائخ.**

﴿عالمگیریہ ص ۳۵۹ ج ۵۔ شامی ص ۴۲۲ ج ۶﴾

بعض لوگ یہ اشکال پیش کرتے ہیں کہ حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے جوان بیوی کی دلجوئی کیلئے سیاہ خضاب کو جائز قرار دیا ہے ان کی طرف یہ قول منسوب ہے۔ **کما یعجبنی ان تتزین لی یعجبها ان اتزین لها.**

﴿فتاوی شامی ص ۴۲۲ ج ۶﴾

جواب: اس اشکال کے متعلق حضرت حکیم الامۃ تھانوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں بعض لوگ امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کو پیش کیا کرتے ہیں سو بشرط ثبوت اس روایت اور ان کے رجوع نہ کرنے کا جواب یہ ہے کہ "شرح عقود رسم المفتی" میں یہ بات مقرر ہو چکی ہے کہ صاحبین رحمۃ اللہ علیہ میں اگر اختلاف ہو تو جسکے ساتھ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ہونگے اس قول پر فتویٰ ہوگا خصوصاً جبکہ وہ قول دلیل صریح صحیح سے مؤید بھی ہو۔ اس لئے امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر عمل کرنا مذہب حنفی کے مقررہ اصول کے خلاف ہے اور صریح صحیح دلیل موجود ہونے کی وجہ سے خلاف دیانت بھی ہے۔ ﴿اصلاح الرسوم ص ۲۴﴾

www.Ahlehaq.com

خلاصہ یہ ہے کہ اولاً تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ سے اسکا ثبوت یقینی نہیں۔ پھر اس قول سے احتمال رجوع بھی قوی ہے ان دونوں باتوں سے صرف نظر کرلیا جائے تو یہ ایک غیر مفتیٰ بہ مرجوح قول ہے۔ ﴿احسن الفتاویٰ ص ۳۷۱ ج ۸﴾

جیسا کہ عامۃ المشائخ کا قول اسکے خلاف ہونا اوپر مذکور ہوا ہے۔ لہذا اس قول کا سہارا لینا قطعاً درست نہیں ہے۔

## جدید ہیئر کلر کا حکم

آج کل ہیئر کلر کے نام سے جو مہندی کا رنگ آرہا ہے اسکا حکم یہ ہے کہ جو ہیئر کلر بالوں کو خالص سیاہ کردیں نہ صرف مکروہ تحریمی ہے بلکہ بروئے حدیث باعث لعنت اور جنت سے محرومی کا سبب بھی ہے۔ البتہ جو ہیئر کلر بالوں کو خالص سیاہ نہیں کرتے بلکہ سیاہی مائل بسرخ کرتے ہیں ان کا استعمال بلا کراہت جائز ہے۔

واضح رہے کہ یہ اُس ہیئر کلر کا حکم جن میں حرام اشیاء نہ ہوں اگر حرام اشیاء ہوں تو ان کا استعمال مطلق حرام ہے خواہ بالوں کو خالص سیاہ کریں یا نہ کریں۔

﴿ماخوذ از خضاب کا شرعی حکم۔ فتویٰ دار الافتاء بنوری ٹاؤن﴾

## سیاہ خضاب تیار کرنا

سوال: کیا شرعاً سیاہ خضاب تیار کرنا جائز ہے جبکہ اسکا استعمال حرام ہے؟

www.Ahlehaq.com

جواب: سیاہ خضاب تیار کرنا اور فروخت کرنا جائز ہے اس لئے کہ ایک محل اسکے جواز کا بھی موجود ہے۔ یعنی دشمن پر ہیبت بیٹھانے کیلئے مجاہدین استعمال کریں۔ البتہ بنانا، بیچنا خلاف اولیٰ ہے مگر ایسے شخص کے ہاتھ فروخت کرنا جائز نہیں جسکے متعلق یقین ہو کہ ناجائز طور پر استعمال کریگا۔ کمافی ردالمحتار وغیرہ۔

﴿احسن الفتاویٰ ص ۳۷۴ ج ۸﴾

## داڑھی منڈے کی اذان واقامت

سوال: ایک شخص داڑھی منڈاتا ہے کیا وہ اذان واقامت کہہ سکتا ہے؟

جواب: داڑھی منڈانے والا فاسق ہے۔ فاسق کا اذان کہنا مکروہ تحریمی ہے اسی طرح اقامت کہنا، البتہ اسکی اذان کا اعادہ مستحب ہے اقامت کا نہیں۔ مؤذن ایسا شخص ہونا چاہئے جو پابند شریعت ہو۔

ویستحب ان یکون المؤذن عالما بالسنة تقیا فیکره اذان الجاهل و الفاسق. ﴿غنیة المستملی ص ۳۵۹﴾

فاسق کی اذان کی کراہت کے بارے میں شامی میں ہے۔

و ظاهره ان الکراهة تحریمیة. ﴿شامی ص ۳۵۴ ج ۱﴾

﴿ماخوذ از احسن الفتاویٰ ص ۲۸۷ ج ۲، خیر الفتاویٰ ص ۲۱۰ ج ۲﴾

www.ahlehaq.com

## داڑھی کٹانے والے کی امامت

سوال: داڑھی کٹانے اور منڈوانے والے کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: ایک مشت داڑھی واجب اور ضروری ہے اس سے کم کرنا یا منڈانا ناجائز اور حرام ہے۔ ایسا کرنے والا گناہگار ہے اور فاسق ہے۔ فاسق کی امامت مکروہ تحریمی ہے اس لئے ایسے شخص کو امام بنانا جائز نہیں، اگر کوئی ایسا شخص جبراً امام بن گیا یا مسجد کی منتظمہ نے بنادیا اور ہٹانے پر قدرت نہ ہو تو کسی دوسری مسجد میں صالح امام تلاش کرے اگر میسر نہ ہو تو جماعت نہ چھوڑے بلکہ فاسق کے پیچھے ہی نماز پڑھ لے اسکا وبال وعذاب مسجد کے منتظمہ پر ہوگا۔

صلی خلف فاسق اومبتدع نال فضل الجماعة (درمختار)

وفی الشامیة افادان الصلوة خلفها اولی من الانفراد ولکن لا ینال کما ینال خلف تقی ورع. ﴿شامیہ ج ۱﴾

﴿احسن الفتاویٰ ص ۲۶۰ ج ۳ ،خیر الفتاویٰ ص ۳۷۱ ج ۲﴾

## داڑھی کٹانے والے کے پیچھے نماز تراویح جائز نہیں

سوال: حافظ قرآن کی داڑھی اگر ایک مشت سے کم ہو تو اسکے پیچھے تراویح پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

Www.Ahlehaq.com

جواب: داڑھی ایک مشت سے کم کرنا بالاتفاق حرام ہے۔ ایسا حافظ فاسق ہے فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اگر متبع شریعت حافظ نہ ملے تب بھی فاسق کو تراویح میں امام بنانا جائز نہیں۔ لہذا فاسق کی اقتداء میں تراویح پڑھنے کے بجائے چھوٹی سورتوں سے پڑھی جائیں۔ ﴿احسن الفتاویٰ ص ۵۱۸ ج ۳﴾

## داڑھی مونڈنے کی اجرت

سوال: داڑھی مونڈنے کی اجرت کا کیا حکم ہے؟

جواب: واضح ہو کہ اپنی داڑھی مونڈنا یا ایک مشت سے کم کرنا حرام ہے ایسے ہی دوسرے کی داڑھی مونڈنا اور مقدارِ مذکورہ سے کم کرنا بھی حرام ہے اور داڑھی مونڈھنے کی اجرت وصول کرنا بھی حرام لہذا باربری کا پیشہ اختیار کرنے والے اپنی روزی حرام نہ کریں۔ ﴿ماخوذ از داڑھی ایک اسلامی شعار ہے﴾

## ہاتھوں کا گناہ

و من آفات اليدين حلق رأس المرأة و لحية الرجل وقص اقل من قبضة و لو باذن منه لانه اعانة على معصية فيكون معصية ايضاً. ﴿شرح طریقہ محمدیہ﴾

دونوں ہاتھوں کے آفات (گناہوں) میں سے عورت کے سر کے بال

Www.Ahlehaq.Com

اور مرد کی داڑھی کا مونڈ نا اور مٹھی سے کم کا تراشنا بھی ہے چاہے یہ مونڈنا اور کترنا اس مرد یا عورت کی اجازت سے کیوں نہ ہو کیونکہ یہ گناہ کے کام میں مدد کرنا ہے اور گناہ کے کام میں مدد کرنا بھی گناہ ہے۔

نیز کشاف القناع میں ہے کہ داڑھی منڈانے کیلئے کسی کو اجرت دینا اور اجرت کا لینا دونوں حرام ہے۔

﴿کشاف ص ۹ ج ۴، ماخوذ از داڑھی کی اسلامی حیثیت﴾

## داڑھی منڈے کو سلام کرنے کا حکم

سوال: جو شخص داڑھی منڈاتا یا کٹواتا ہو اسے سلام کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: داڑھی کو منڈانا یا ایک مشت سے کم کرنا حرام ہے۔ ایسا شخص فاسق ہے۔ فاسق کی توقیر واحترام جائز نہیں ایسے شخص کو سلام کرنا مکروہ ہے تاہم اگر اس سے جان پہچان یا رشتہ داری ہو تو اسکو سلام کرنا چاہئے تاکہ آپس میں منافرت نہ پھیلے اور وہ دین سے بیزار نہ ہو جائے۔

و فی الشامية قال: انه يكره السلام على الفاسق لو معلنا و الالا.

﴿شامی ص ۵۱۷ ج ۱﴾

Www.Ahlehaq.Com

## داڑھی منڈے کے سلام کا جواب دینا

سوال: داڑھی منڈا اگر کسی کو سلام کرے تو جواب دینا چاہئے یا نہیں؟

جواب: دوسروں کے سلام کے جواب کی طرح داڑھی منڈے کے سلام کا جواب دینا بھی ضروری ہے۔

کما فی الشامیه قال: و ینبغی وجوب الرد علی الفاسق لان کراهة السلام علیه للزجر فلا تنافی الوجوب علیه تأمل.

﴿شامی ص ۶۱۸ ج ۱﴾

## ہر داڑھی والے کو مولانا کہنے کا حکم

سوال: آجکل ہمارے ہاں دستور ہو گیا ہے کہ جسکے چہرے پر تھوڑی بہت داڑھی کے بال ہوں اسکو مولانا کہدیا جاتا ہے اسی لقب کے ساتھ اسکو پکارا جاتا ہے شرعی مسئلہ بھی بعض دفعہ اس سے پوچھا جاتا ہے اس سے کوئی غلط کام سرزد ہو جائے تو اسکو بنیاد بنا کر علماء کو بدنام کیا جاتا ہے کیا شرعاً ہر کسی کو مولانا کہنا جائز ہے؟

جواب: مولانا، مولوی، مُلا، یہ انتہائی ادب کے الفاظ ہیں۔ ان اشخاص کے لئے بولے جاتے ہیں جنہوں نے ماہر اساتذہ کرام کے سامنے زانوئے تلمذ طے کر کے ایک معتد بہ وقت گذار کر علوم نبویہ سے اپنے آپ کو آراستہ کیا ہو، قرآن وحدیث

سے واقفیت اور احکام شرع سے ممارست حاصل کرلی ہو۔

ہر کس و ناکس کو مولوی مولانا کا خطاب دینا، دینی مسائل کیلئے ان کی طرف رجوع کرنا ان کے اقوال وافعال کو سند بنانا یہ گمراہی کا ایک خطرناک دروازہ کھولنا ہے اس لئے ہر کسی کو مولانا کہنا جائز نہیں ہے۔

دین کے معاملات میں ہر کس و ناکس کو مقتدا بنانا، ان پر اعتماد کرنا بھی جائز نہیں اس سے احتیاط کرنا نہایت ضروری ہے۔ پھر کسی ایک کی غلطی پر بلا وجہ علماء کی جماعت کو بدنام کرنا علماء اور شریعت کی توہین کرنا اور علماء کو سب وشتم کرنا آدمی کو کفر تک پہنچادیتا ہے لمافی العالمگیرية: و يخاف عليه الكفر اذا شتم عالما او فقيها من غير سبب الخ

Www.Ahlehaq.Com

اسی طرح جن حضرات کو اللہ تعالیٰ نے ظاہری صورت شریعتِ مطہرہ کے مطابق بنانے کی توفیق دی ہے، ان کو بھی چاہئے کہ شریعت کے بقیہ احکام پر عمل کرنے کی پوری کوشش کریں۔ دینی مسائل کو محقق و ماہر علماء کرام سے معلوم کرتے رہیں، اگر کوئی دین کی بات پوچھے تو از خود جواب دینے کی بجائے علماء کیطرف رجوع کرنے کا مشورہ دیں یا کسی ماہر مفتی سے پوچھ کر تب جواب دیں کہ فلاں مفتی صاحب نے اس مسئلہ کا حکم یہ بتایا ہے، خود سے جواب نہ دیں اور نہ ہی دوسروں کے

Www.Ahlehaq.Com

کہنے کی وجہ سے اپنے کو مولانا سمجھیں۔

## مونچھوں کا حکم

سوال: مونچھوں کا کیا حکم ہے؟

جواب: مونچھوں کے بارے میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ خالفو المشرکین و احفوا الشوارب و اوفو اللحیٰ (بخاری) یعنی مشرکین کی مخالفت کیا کرو، مونچھوں کو اچھی طرح تر شواؤ اور داڑھیاں خوب بڑھاؤ۔

Www.Ahlehaq.Com

چونکہ داڑھی مونڈھنا اور مونچھیں بڑھانا مشرکین کا طریقہ ہے۔ اسکے خلاف داڑھی بڑھانا اور مونچھیں کٹوانا حضرات انبیاء علیم السلام کا طریقہ ہے اسلئے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں سختی سے فرمایا ہے۔

من لم یأخذ من شاربه فلیس منا. (یعنی جو شخص مونچھیں نہ تراشے وہ ہم میں سے نہیں)۔ لہذا مونچھوں کو اس طرح بڑھانا جیسا کہ مشرکین اور سکھ بڑھاتے ہیں کہ مونچھوں کے بال منہ کے اندر گھسے جارہے ہوں یا آسمان کی طرف اٹھے ہوئے ہوں یہ طریقہ دینِ اسلام کے خلاف ہے۔ انبیاء علیہم السلام کی سنت اور ان کے طریقے کے خلاف کرنا کس قدر گناہ کی بات ہے

Www.Ahlehaq.com

وضع میں تم ہو نصاریٰ تو تم تمدن میں ہنود
یہ مسلمان ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

## مونچھوں کو تراشنے کا حکم

سوال: مونچھوں کو کس طرح کاٹا جائے؟

جواب: مونچھوں کے بارے میں احادیث مبارکہ میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں قصوا، احفوا، انھکوا آخر کے دونوں لفظ مبالغہ پر دلالت کرتے ہیں اسلئے مونچھیں کاٹنے میں مبالغہ کرنا مستحب ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تراشنے میں اتنا مبالغہ کرتے تھے کہ اوپر کے ہونٹ کی کھال کی سفیدی نظر آتی تھی اگر مونچھوں پر موٹی مشین پھیر دیجائے یا قینچی سے اچھی طرح تراش دیا جائے تو اس سے مبالغہ والی صورت حاصل ہوتی ہے۔ اگر مبالغہ نہ کیا جائے بلکہ اس طرح کاٹا جائے کہ اوپر کے ہونٹ کی سرخی نظر آئے۔ یعنی بال منہ کے اندر نہ گھستے ہوں اور دیکھ کر نفرت نہ ہوتی ہو تو کسی قدر اس کی بھی گنجائش ہے۔

## مونچھوں کو دائیں بائیں بڑھانے کا کیا حکم ہے؟

سوال: مونچھیں دونوں طرف بڑھانا جائز ہے یا نہیں؟

Www.Ahlehaq.com

جواب: ایسا کرنا مکروہ ہے لہٰذا مونچھیں دونوں طرف نہ بڑھائی جائیں۔ قال العلامہ ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ: و اما طرفا الشارب و هما السبالان فقیل هما منه وقیل من اللحية فقیل لا بأس بتركهما و قیل يكره لما فيه من التشبه بالاعاجم و اهل الكتاب و هذا اولیٰ بالصواب و تمامه فی حاشیه نوح.

﴿ردالمحتار ص ۲۰۴ ج ۲، احسن الفتاویٰ ص ۳۴۷ ج ۸﴾

## مجاہدین کیلئے مونچھیں بڑھانے کا حکم

سوال: مجاہد کیلئے میدانِ جہاد میں مونچھیں بڑھانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: مجاہدین کیلئے میدانِ جہاد میں اس نیت سے مونچھیں بڑھانا تا کہ دشمن پر رُعب رہے شرعاً جائز ہے۔ بشرطیکہ اوپر کی ہونٹ کی سرخی نظر آئے۔

و فی الهندیة قال: قالوا لا بد عن طول الشارب للغزاة ليكون اهيب فی عين العدو كذا فی الغياثيه. ﴿عالمگیریہ ص ۳۴۸ ج ۵﴾

## مونچھوں کو مونڈھنے کا حکم

سوال: استرہ یا بلیڈ سے مونچھیں مونڈھنا جائز ہے یا مکروہ۔ جبکہ بعض حضرات

www.Ahlehaq.com

مونڈھنے کو مکروہ سمجھتے ہیں کیا مونچھوں کو مونڈھنا واقعی مکروہ ہے؟

جواب: باتفاقِ امام ابوحنیفہ وصاحبین رحمہم اللہ تعالیٰ مونچھوں کو مونڈھنا یا ایسا کاٹنا جو کہ مونڈنے کی طرح ہو سنت ہے۔

سنیتِ حلق سے انکار امام صاحب وصاحبین رحمہم اللہ تعالیٰ کے مذہب منصوص کے خلاف ہونیکی وجہ سے بالکل غیر معتبر ہے۔ صحیح یہی ہے کہ مونچھوں کو مونڈھنا بھی سنت ہے بلکہ سنیت کا اعلیٰ درجہ ہے۔

قال الطحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ قصه حسن و احفاؤه احسن و افضل و هذا مذهب ابی حنیفة و ابی یوسف و محمد رحمهم الله تعالیٰ وقال فی آخر البحث: ان قص الشارب من الفطرة و هو مما لا بد منه و ان مابعد ذالک من الاحفاء هو افضل و فیه من اصابة الخیر مالیس فی القص.

﴿شرح معانی الاثار ص۲۷۹ ج ۲﴾

﴿و التفاصل مع الدلائل القویة فی احسن الفتاویٰ ص ۳۵۰ ج ۸﴾

وضاحت: یہاں تک داڑھی اور مونچھوں کے مفصل احکام بیان ہوئے اب داڑھی مونچھوں کی مناسبت سے جسم کے دوسرے بالوں کے شرعی احکام کا جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ فائدہ تام وعام ہو سکے۔

Www.Ahlehaq.Com

# سر کے بالوں کی جائز صورتوں کی تفصیل

سوال: سر کے بالوں میں کون کون سی صورتیں جائز ہیں اور کونسی نا جائز۔ اسکو وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟

جواب بال رکھنے کی جائز صورتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

ا۔ پٹے رکھنا اسکی تین قسمیں ہیں۔

ا۔ کانوں کی لوتک اسکو عربی میں "وفرہ" کہتے ہیں۔

ب۔ کانوں کی لو اور کندھوں کے درمیان تک اسکو "لِمّہ" کہتے ہیں۔

ج۔ کندھوں تک اسکو "جُمّہ" کہتے ہیں۔

۲۔ حلق یعنی پورے سر کے بال منڈوانا۔

۳۔ پورے سر کے بالوں کو برابر کاٹنا۔

ان میں سب سے افضل پہلی صورت ہے پھر دوسری صورت کا درجہ اور آخری صورت کی صرف گنجائش ہے۔

اس میں تو کسی کا اختلاف نہیں کہ پٹے رکھنا مسنون ہے۔ البتہ حلق (منڈانے) کی سنیت میں اختلاف ہے۔ علامہ طیبی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دائمی عمل ہونے کیوجہ سے مسنون کہا ہے۔

Www.Ahlehaq.com

اسی طرح امامِ طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسکی سنیت نقل کی ہے۔ بہر حال حلق کے جواز میں کوئی شبہ نہیں ہے اور بچوں کی تربیت کی خاطر ان کے سر کو منڈوانا افضل ہے بلکہ غلبۂ فساد کی وجہ سے ضروری ہے۔

## سر پر بال رکھنے کا حکم

سوال: سر منڈانا سنت ہے یا سر پر بال رکھنا؟

جواب: سنت کی دو قسمیں ہیں (۱) سنت عبادت، (۲) سنت عادت، مطلق سنت کا اطلاق سنت عبادت پر ہوتا ہے ترک سنت پر وعید بجا آوری پر ثواب کا مدار بھی اسی پہلی قسم پر ہے، دوسری قسم سنت عادت پر عمل کرنا بھی باعث برکت اور دلیل محبت ہے لیکن دین کا ایسا جز نہیں ہے کہ اسکے ترک پر ملامت کی جائے، اب سر پر بال رکھنا سنت عادت میں داخل ہے، کوئی اتباع سنت کی نیت سے رکھ لے باعث اجر و ثواب ہے۔

باقی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے حج کے موقع پر بال منڈانا بھی ثابت ہے اسیطرح حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ کی عادت مستمرہ منڈانے کی تھی اس لئے، منڈانا بھی بلا کراھت جائز ہے البتہ اولیٰ اور بہتر سر پر بال رکھنا ہے۔

﴿ملخص از امداد الفتاویٰ ص ۲۳۹ ج ۴﴾

Www.Ahlehaq.Com

## سر کے بالوں کی ناجائز صورتیں

سوال: آجکل عوام میں سر کے بال بنانے کی مختلف صوتیں رائج ہیں اس کو فیشنی بال کہا جاتا ہے۔سب میں یہ بات قدرِ مشترک ہے کہ بال کہیں سے چھوٹے کہیں سے بڑے ہوتے ہیں گویا فیشن پورا ہی جب ہوتا ہے کہ بالوں میں یکسانیت نہ ہو،تو ایسے فیشنی بالوں کا شرعاً کیا حکم ہے؟

جواب: سر کے بعض حصہ کے بال منڈانا بعض حصے کے چھوڑنا یا بعض زیادہ تراشنا بعض کم،حدیث میں ایسے بال رکھنے سے صراحۃً ممانعت آئی ہے،خواہ یہ کسی فاسق وفاجر قوم یا گروہ کا شعار ہو یا نہ ہو۔اگر فساق وفجار کا شعار بھی ہو تو اسکا گناہ اور بھی سخت ہوگا۔

﴿ملخص از احسن الفتاوئ ج ۸﴾

اس زمانے میں چاروں طرف کے بال برابر کاٹنے کے سواء بقیہ تمام صورتیں انگریزوں کا شعار ہیں اس لئے ان فیشنی بالوں سے بچنا ضروری ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔

## بچوں کے بالوں کا حکم

سوال: کیا بچوں کے بال کٹوانے کے بارے میں شریعت میں کوئی پابندی ہے؟

جواب: بچوں کے بالوں کے متعلق بھی (قزع) یعنی بعض سر کے منڈانے اور بعض کے چھوڑنے سے ممانعت آتی ہے اس لئے بہتر ہے کہ پورا سر منڈائے یا کم از کم چاروں طرف سے برابر کر کے بالکل چھوٹے کروا دیے جائیں۔ فیشنی بال بچوں کے لئے بھی جائز نہیں ہے۔

عن ابن عمر رضی الله عنهما ان النبی صلی الله علیه وسلم رایٰ صبیا حلق بعض راسه فنهاهم عن ذالک وقال احلقوا کله او اترکوا کله رواه مسلم. ﴿مشکوۃ ص ۳۸ ج ۱، امداد الفتاویٰ ص ۲۲۳ ج ۴﴾

ترجمہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جنابِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچے کو دیکھا کہ اس کے سر کا بعض حصہ منڈا ہوا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح بال کٹوانے سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا "یا پورے سر کے بال منڈوا دو یا پورے چھوڑ دو"۔

## مرد کیلئے جوڑا باندھنا جائز نہیں

سوال: مرد کے بال بہت بڑے بڑے ہوں تو ان کو سنبھالنے کے لئے جوڑا باندھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: مردوں کیلئے جوڑا باندھنا جائز نہیں ہے،

قال العلامة عالم بن العلاء الدهلوی رحمه الله و يكره أن يصلي و هو عاقص شعره و العقص هو الاحكام و الشد و المراد من المسالة عند بعض المشايخ أن يجمع شعره على هامته و يشده بصمغ أو غيره ليتلبد و عند بعضهم أن يلف ذوائبه حول رأسه كما تفعله النساء فی بعضِ الاوقات و عند بعضهم ان يجمع الشعر كله من قبل القفاء و يمسكه بخيط خرقة كيلا يصيب الارض اذا سجد.

﴿التاتارخانیہ ص۵۶۱ ج ۱، احسن الفتاویٰ ص۸۷ ج ۸﴾

## عورتوں کا جوڑا باندھنا

سوال: عورتیں سر کے بالوں کو کس طرح پردہ میں رکھیں۔ اگر جوڑا باندھے تو اسکا جائز طریقہ کونسا ہے؟

Www.Ahlehaq.Com

جواب: عورتوں کا بالوں کو جمع کر کے سر کے اوپر جوڑا باندھنا ناجائز ہے حدیث میں اس پر سخت وعید آئی ہے کہ ایسی عورتوں کو جنت کی خوشبو بھی نصیب نہیں ہوگی۔ اسکے سواء دوسرے طریقے جائز ہیں بشرطیکہ کسی نامحرم کی نظر نہ پڑے اور کفار کے ساتھ مشابہت نہ ہو بالوں کا سخت پردہ ہے حتیٰ کہ بوڑھی عورت کے بال دیکھنا بھی حرام ہے گدی پر جوڑا باندھنا جائز ہے بلکہ حالت نماز میں افضل ہے اس لئے کہ اس

سے بالوں کے پردہ میں سہولت ہوتی ہے۔

﴿ملخص از احسن الفتاویٰ ص ۴۷ ج ۸﴾

## مصنوعی بال لگانا

سوال: بعض عورتیں بازار سے مصنوعی بال خرید کر اپنے بالوں میں لگا لیتی ہیں تا کہ بال بڑے معلوم ہوں کیا یہ جائز ہے؟

جواب: اگر یہ بال انسان کے ہوں تو ان بالوں کو اپنے بالوں کے ساتھ ملانا گناہ کبیرہ ہے اس پر حدیث میں لعنت وارد ہوئی ہے اور جانور وغیرہ کے بال ملانا جائز ہے۔

**قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ! لعن اللہ الواصلة و المستوصلة و الواشمة و المستوشمة متفق علیہ مشکوٰة.** (یعنی جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت اپنے بالوں میں کسی دوسری عورت کے بالوں کا جوڑا لگائے (خواہ خود لگائے یا کسی دوسرے سے لگوائے) اور جو کسی دوسری عورت کے بالوں میں اپنے بالوں کا جوڑ لگائے اور جو عورت گودے اور جو عورت گدوائے (یعنی سوئی وغیرہ کوئی چبھو کر اس زخم میں سرمہ یا نیل وغیرہ بھر دیا جائے) ان سب پر اللہ کی لعنت ہوتی ہے)۔

Www.Aiteraq.com

و فی الشامیة قال: و لا یجوز الانتفاء به لحدیث لعن الله الواصلة و المستوصلة و انما یرخصُ فیما یتخذ من الوبر فیزید فی قرون النساء و ذوائبهن هدایة ﴿شامیہ ص ۵۸ ج ۵ باب بیع الفاسد﴾

## انسانی بالوں کو بیچنا

سوال: انسانی بالوں کو بیچنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: انسان کے قابلِ احترام ہونے کیوجہ سے اس کے جسم کے بالوں کو بیچنا ناجائز اور حرام ہے۔ اگر کسی نے بیچا تو اسکی قیمت حلال نہیں ہوگی اسکو واپس کرنا ضروری ہے۔ ﴿شامی ص ۵۸ ج ۵﴾

## عورتوں کا بال کٹوانا

سوال: آجکل خواتین جو کہ بطورِ فیشن کے سر کے بال کٹواتی ہیں کیا شرعاً خواتین کیلئے سر کے بال کٹوانا جائز ہے؟

جواب: خواتین کے لئے اپنے سر کے بالوں کو مونڈھنا کترنا خواہ کسی بھی جانب سے ہو تشبُّہ بالرجال ہونے کیوجہ سے شرعاً جائز نہیں ہے۔ شریعتِ مطہرہ میں اسکی ممانعت آئی ہے۔ ہاں البتہ شرعی عذر کی بناء پر۔ مثلاً سر میں کوئی بیماری درد وغیرہ پیدا

www.Ahlehaq.com

ہو جائے جسکے سبب بالوں کا ازالہ ناگزیر ہو۔ (یعنی اسکے بغیر سخت تکلیف میں مبتلا ہو) تو بالوں کے ازالہ کرنیکی گنجائش ہے۔ لیکن جیسے ہی یہ عذر ختم ہو جائیگا اجازت بھی ختم ہو جائیگی۔

وعن ابن عباس رضی الله عنهما ، قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعن الله المتشبهین من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال رواه البخاری. ﴿مشکوٰۃ باب الترجل﴾

وعن علی رضی الله عنه نهیٰ رسول الله صلی الله علیه وسلم ان تحلق المرأة رأسها (رواہ النسائی) و فی حاشیة المشکوٰة قوله ان تحلق المرأة رأسها و ذالک لان الذوائب للنساء کاللحی للرجال فی الهیئة و الجمال. ﴿مشکوٰۃ ص ۳۸۴ ج ۲﴾

یعنی: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کیطرف سے لعنت ہے ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔ ﴿بخاری﴾

اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جنابِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو سر منڈانے سے منع فرمایا ﴿نسائی﴾

Www.Ahlehaq.com

اس حدیث کے تحت مشکوٰہ کے حاشیہ میں مذکور ہے کہ عورتوں کو سرمنڈانے سے منع فرمانیکی وجہ یہی ہے کہ عورتوں کی زلفیں مردوں کی داڑھی کی طرح ہیں صورت و زینت میں۔لہٰذا جس طرح مردوں کے لئے داڑھی منڈانا یا مٹھی سے کم کرنا حرام ہے بعینہ اسی طرح عورتوں کے سر کا بال منڈانا اور کٹوانا شرعاً ناجائز اور حرام ہے۔

## بال کٹوانے کی ممانعت کس عمر سے ہے؟

سوال: لڑکیوں کیلئے بال کٹوانے کی ممانعت کا حکم کتنی عمر سے ہے؟

جواب: اصل حکم تو بلوغ کے ساتھ ہے لیکن نوسال پورے ہونے کے ساتھ وہ پردہ وغیرہ بہت سے مسائل میں بالغہ کے حکم میں ہو جاتی ہے۔اس لئے نوسال کی عمر سے ہی بال کٹوانے سے ممانعت کر دی جائیگی۔

## ابرو کا حکم

سوال: اگر کسی کی ابرو زیادہ ہوں دیکھنے میں بدنما لگتی ہوں تو زائد بالوں کو قینچی سے برابر کر دینا کیسا ہے؟

جواب: ابرو بہت زیادہ پھیلی ہوئی ہوں تو ان کو درست کر کے عام حالت کے

Www.Ahlehaq.Com

مطابق کرنا جائز ہے۔ بشرطیکہ اتنا مبالغہ نہ ہو کہ نامصہ اور متنمصہ کے حکم میں داخل ہو جائے۔

وفی الشامیة قال: و لا بأس باخذا الحاجبین و شعر وجهه مالم یشبه المخنث تاتر خانیه. ﴿شامی ص ۲۸۸ ج ۵﴾

## سینے اور پیٹ کے بال کا حکم

سوال: سینے اور پیٹ کے بالوں کو منڈانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جائز ہے مگر خلافِ ادب اور غیر اولیٰ ہے۔

و فی الهندیة قال : و فی حلق شعر الصدر و الظهر ترک الادب کذا فی القنیة. ﴿عالمگیریہ ص ۳۵۸ ج ۵﴾

## ران اور بازو کے بالوں کا حکم

سوال: ران اور بازو وغیرہ پر جو بال ہوتے ہیں ان کو مونڈنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ان بالوں کا رکھنا اور مونڈنا دونوں درست ہے۔ ﴿بہشتی گوہر﴾

## ناک کے اندر کے بالوں کا حکم

سوال: موئے بینی یعنی ناک کے اندر کے بالوں کو کاٹنا بہتر ہے یا اکھیڑنا اور اسکی

www.Ahlehaq.com

مدت کیا ہے؟

جواب: ناک کے اندر کے بالوں کو قینچی سے کترنا بہتر ہے۔ اکھیڑنا مناسب نہیں جب بھی بال بڑھے ہوئے نظر آئیں انکو صاف کریں ناک کے بالوں کو اتنا بڑھا لینا کہ ناک سے باہر نکل جائیں۔ اور لوگوں کے لئے نفرت کا سبب بنیں بالکل درست نہیں۔ **وفی الشامیة قال : و لا ینتف انفه لانه یورث الاکلة.**

﴿شامی ص ۲۸۸ ج ۵۔ کتاب الحظر والاباحۃ﴾

## کان کے بالوں کا حکم

سوال: بعض لوگوں کے کان کے اوپر والے حصّے میں کچھ بال اُگتے ہیں ان کو کاٹنا شرعاً کیسا ہے؟

جواب: کان کے بالوں کو کاٹ کر صاف کرنا جائز ہے۔

## گردن کے بالوں کا حکم

سوال: گردن کے بال مونڈنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: گردن کے بال مونڈنا جائز ہے۔ اس میں کوئی کراہت نہیں۔ حضرت گنگوہی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ گردن جدا عضو ہے اور سر جدا لہٰذا اگر گردن کے بال

www.Ahlehaq.Com

منڈانا درست ہے۔ ﴿فتاویٰ رشیدیہ ۴۶۷﴾

## زیرِ بغل کا حکم

سوال: زیرِ بغل کا شرعاً کیا حکم ہے؟

جواب: زیرناف کی طرح زیرِ بغل کی صفائی بھی ضروری ہے البتہ اس میں اولیٰ اور بہتر یہ ہے کہ ان بالوں کو نوچ کر دور کیا جائے۔ مونڈنا بھی جائز ہے۔

﴿شامی ص ۲۸۸ ج ۵﴾

## زیرِ ناف کا حکم

سوال: زیرِ ناف کا شرعی حکم کیا ہے؟

جواب: ہر ہفتہ میں ایک مرتبہ زیرِ ناف کو صاف کرنا افضل ہے سب سے بہتر جمعہ کا دن ہے کہ نماز جمعہ سے قبل صفائی ستھرائی حاصل کرے ہر ہفتہ میں نہ ہو سکے تو پندرہوں دن سہی۔ انتہائی درجہ چالیسویں دن ہے۔ اس سے زیادہ چھوڑنا جائز نہیں اگر چالیس دن گذر گئے پھر بھی صفائی نہیں کی تو گنہگار ہوگا یہی حکم ناخن اور موئے بغل کا بھی ہے۔ ﴿شامی ص ۲۸۸ ج ۱، کتاب الحظر والاباحۃ﴾

وفی الهندية قال ولا عذر فيما وراء الاربعين و يستحق

www.Ahlehaq.com

الوعید کذافی القنیة ﴿عالمگیری ص ۲۵۸ ج ۵﴾

## زیرِ ناف صاف کرنے کا طریقہ

سوال: زیرِ ناف صاف کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

جواب: موئے زیرِ ناف میں مرد کیلئے استرا استعمال کرنا بہتر ہے۔ مونڈتے وقت ابتداء ناف کے نیچے سے کرے۔ عورت کیلئے سنت یہ ہے کہ چٹکی یا چمٹی سے دور کرے استرا نہ لگے۔ ﴿بہشتی گوہر﴾

و فی الاشباہ و السنة فی عانة المرأة النتف . ﴿شامی ص ۲۸۸ ج ۱﴾

## زیرِ ناف صاف کرنے کیلئے پاوڈر کا استعمال

سوال: زیرِ ناف صاف کرنے کیلئے کریم یا پاوڈر استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: مستحب یہ ہے کہ مرد استرا استعمال کرے اور عورتیں اکھاڑیں۔ تاہم پاوڈر اور کریم کا استعمال بھی جائز ہے۔ ﴿ملخص از احسن الفتاوىٰ ص ۷۸ ج ۸﴾

## زیرِ ناف دوسرے سے صاف کروانے کا حکم

سوال: اگر کوئی شخص بڑھاپا یا کسی اور مجبوری کیوجہ سے زیرِ ناف کی صفائی پر قادر نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

www.Ahlehaq.com

جواب: بحالت مجبوری بیوی سے کروائے اگر بیوی نہ ہوتو کوئی دوسرا شخص نائی وغیرہ اپنی نظر کو بچاتا ہوا صاف کرے۔ اسی طرح عضوٗ مخصوص کو ہاتھ لگانے سے بھی حتی الامکان پرہیز کرے۔ پاؤڈر وغیرہ سے آسانی سے صاف ہوسکتا ہوتو اس سے صاف کرے۔

وفی الھندیۃ قال: فی جامع الجوامع حلق عانتہ بیدہ و حلق الحجام جائزان غض بصرہ کذا فی التارخانیہ .

﴿عالمگیریہ ص ۳۵۸ ج ۴﴾

## زیرِ ناف کی حدود

سوال: زیرِ ناف کے بال کہاں تک کاٹنے چاہیئے دُبر کے چاروں اطراف کے بال بھی کاٹنا ضروری ہے یا نہیں جبکہ انکو کاٹنا مشکل ہوتا ہے؟

جواب: زیرِ ناف (عانہ) کی حد مثانہ سے نیچے پیڑو کی ہڈی سے شروع ہوتی ہے۔ یعنی ناف کے متصل نیچے سے شروع نہیں بلکہ پیٹ کی حد جہاں ختم ہوتی ہے وہاں سخت ہڈی ہے جس پر مخصوص نوعیت کے گھنے بال اُگتے ہیں وہیں سے حد شروع ہوتی ہے۔ وہاں سے لیکر اعضاءِ ثلاثہ (یعنی پیشاب کی نالی اور خصیتین) اوران کے اردگرد، اوران کے برابر میں رانوں کا وہ حصہ جس کا نجاست کے ساتھ تلوّث کا

Www.Allehaq.com

خطرہ ہے۔ پورے بالوں کو صاف کرنا ضروری ہے اسی طرح دُبر کے بال صاف کرنا بھی واجب ہے اور اسکے اطراف کے بال بھی۔

وقال ابن عابدین رحمہ اللہ تعالیٰ فی فصل الاحرام العانۃ الشعر القریب من فرج الرجل و المرأۃ و مثلھا شعر الدبر بل ھو اولیٰ بالازالۃ لئلا یتعلق بہ شئ من الخارج عند الاستنجاء بلاحجر.

﴿ردالمختار ص ۴۸۱ ج ۸، احسن الفتاویٰ ص ۷۸ ج ۸﴾

## سر میں تیل لگانے کا حکم

سوال: سر میں تیل لگانے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

جواب: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سرِ مبارک پر کثرت سے تیل استعمال کرتے تھے کثرت سے داڑھی میں کنگھی کرتے تھے۔ ﴿شرح السنہ مشکوٰۃ﴾

تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سر پر تیل لگانا بھی سنت ہے۔ اور داڑھی میں کنگھی کرنا بھی سنت ہے۔ لیکن جو لوگ ہر وضوء کے بعد کنگھی کرتے ہیں اسکی سنتِ صحیحہ میں کوئی بنیاد نہیں، اسلئے ہر وضوٗ کے بعد کنگھی کرنے کی عادت نہ بنائیں۔

﴿مظاہر حق جدید ص ۲۲۳ ج ۴﴾

www.Ahlehaq.com

## سر پر مانگ نکالنے کا حکم

سوال: سر کے بالوں میں مانگ نکالنے کا کیا حکم اور اسکا طریقہ کیا ہے؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کے بالوں میں مانگ نکالتی تو اُوپر سے بالوں کے دو حصے کر کے مانگ چیرتی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی کے بال دونوں آنکھوں کے درمیان چھوڑتی۔ ﴿ابوداؤد، مشکوٰۃ﴾

اس سے معلوم ہوا کہ سر پر سنت کے مطابق پٹے بال ہوں تو مانگ نکالنا سنت ہے۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ دونوں آنکھوں کے درمیان کی جگہ سے بالوں کو دو حصوں میں تقسیم کر کے تالو تک لے جائے۔

## بالوں کو اچھی طرح رکھنے کا حکم

سوال: بالوں کی صفائی ستھرائی کے بارے میں شرعاً کوئی خاص ہدایت ہے؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سر پر بال رکھے ہوئے ہو اسکو چاہئے کہ اپنے بالوں کو اچھی طرح رکھے۔ ﴿ابوداؤد﴾

www.Ahlehaq.com

اس حدیث میں بالوں کے بارے میں حکم دیا گیا ہے کہ ان کو اچھی طرح رکھے یعنی ان کو دھویا کرے ان پر تیل لگایا کرے۔ کنگھا کیا کرے۔ انہیں بکھری ہوئی حالت میں چھوڑنا کہ لوگوں کے لئے وحشت ونفرت کا باعث بنیں بالکل مناسب نہیں۔ کیونکہ نفاست صفائی ستھرائی ایک پسندیدہ محبوب چیز ہے۔ البتہ مرد اس میں مبالغہ نہ کرے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے روزانہ کنگھی کرنے سے منع فرمایا ہے۔ ﴿ترمذی، ابوداؤد﴾

اس لئے اعتدال کے ساتھ سر اور داڑھی کے بالوں کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا چاہیے۔

# بال کے پاک وناپاک ہونے کی تفصیل

سوال: بال پانی کے برتن میں گر جائے تو اسکا کیا حکم ہے؟

جواب: خنزیر کے علاوہ باقی تمام جانوروں کے بال اسیطرح انسان کے بال پاک ہیں۔ اگر وہ پانی کے برتن میں گر جائے تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ البتہ خنزیر کا بال چونکہ ناپاک ہے وہ اگر پانی یا کسی اور چیز میں گر جائے تو وہ چیز ناپاک ہو جائے گی۔

وفی الهداية قال ! شعر الانسان و عظمه طاهر.

www.Ahlehaq.com

## محرم اگر سر پر سے دو چار جگہ سے

## تھوڑے تھوڑے بال کٹوائے تو حلال ہوگا یا نہیں؟

سوال: ایک شخص عمرہ کر کے سر پر سے دو چار جگہ سے تھوڑے تھوڑے بال کٹوا کر احرام کھول کر اپنے گھر آ گیا تو وہ مذہب احناف کے موافق اپنے احرام سے حلال ہوا ہے یا نہیں؟

جواب: سر پر بال ہونیکی صورت میں عمرہ یا حج کے احرام سے حلال ہونے کیلئے احناف کے نزدیک حلق یا قصر ضروری ہے اور حلق وقصر کرانے میں کم از کم مقدار چوتھائی سر کا حلق کرانا ہے اس سے کم منڈوانے یا کٹوانے سے احرام سے حلال نہیں ہوگا اور چوتھائی سر کے بال کٹوانا ہو تو کم از کم ایک سر انگشت (یعنی پور) کے برابر کٹانا واجب ہے۔ ﴿عمدۃ الفقہ ص ۲۴۸ ج ۴ ، معلم الحجاج ص ۱۹۰﴾

اور اگر اتنے بال نہ ہوں تو صرف استرا یا اس کے قائم مقام مشین پھیرنا کافی ہوگا جتنے بال بھی کٹ جائیں اس فعل کے ذریعے حلال ہو جائیگا۔

صورت مسئولہ میں شخص مذکورہ نے عمرہ کے احرام سے حلال ہونے کیلئے دو چار جگہ سے تھوڑے بال کٹوائے اور وہ چوتھائی سر کی مقدار کو نہیں پہنچتے ہیں تو وہ اپنے احرام سے حلال نہیں ہوا۔ جب تک کم از کم چوتھائی سر کے برابر مقدار

www.Ahlehaq.com

انملہ (پور) بال نہ کٹائے گا حلال نہ ہوگا اور اس درمیان جتنے ممنوعات احرام کا ارتکاب کریگا اس کے اعتبار سے دم، صدقہ یا جزاء لازم ہوگی۔ تفصیل کیلئے معلم الحجاج میں "جنایات" یعنی ممنوعات احرام وحرم اوران کی جزاء ملاحظہ ہو۔ عمرہ کے احرام سے حلال ہونے کیلئے حدود حرم سے باہر حلق یا قصر کرایا ہو وہ احرام سے حلال تو ہو جائیگا مگر ایک دم لازم ہوگا اور وہ دم حدود حرم میں ذبح کرانا لازم ہے اپنے مقام پر ذبح کرنا کافی نہ ہوگا۔ ﴿فتاویٰ رحیمیہ ص ۴۰۵ ج ۶﴾

## محرم کے سر پر بال نہ ہوں تو کیا کرے؟

سوال: ایک شخص حج کیلئے گیا اسی سفر میں اس نے کئی عمرے کئے احرام سے حلال ہونے کیلئے حلق یا قصر ضروری ہے چونکہ ہر روز یا دوسرے روز عمرہ کرنا تھا اس لئے بہت معمولی بال کٹتے تھے قریب ایک سوت یا اس سے بھی کم بال کٹتے نظر آتے تھے اب سوال یہ ہے یہ حلق صحیح ہوا یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں جب پہلے حلق کرانے کیوجہ سے سر پر بال نہیں تو صرف استرا یا اسکے قائم مقام مشین پھیر دینا کافی ہے اور یہ پھیرنا واجب ہے۔

وفی الهندية قال: و اذا جاء وقت الحلق و لم يكن على رأسه شعر بالحلق قبل ذالک او بسبب اخر ذكر فی الاصل انه

www.Ahlehaq.com

یجری الموسیٰ علی رأسه لانه لو کان علی رأسه شعر کان الماخوذ علیه اجراء الموسیٰ و ازالة الشعر فما عجز عنه سقط و مالم یعجز عنه یلزمه . ثم اختلف المشائخ فی اجراء الموسیٰ انه واجب أو مستحب و الاصح أنه واجب هکذا فی المحیط.

﴿ص ۲۳۱ ، فتاویٰ رحیمیہ ص ۴۰۶ ج ۲﴾

## داڑھی منڈانے کے دنیوی نقصانات

سوال: داڑھی منڈانے سے دنیوی طور پر انسان کو کوئی نقصان پہنچتا ہے؟

جواب: مولانا میرٹھی تحریر فرماتے ہیں کہ اب داڑھی کی طبی حیثیت بھی ملاحظہ فرمایئے: طب یونانی تو پہلے ہی طے کر چکی تھی کہ داڑھی مرد کے لئے زینت ہے اور گردن اور سینے کے لئے بڑی محافظ ہے مگر اب تو ڈاکٹر بھی الٹے پاؤں لوٹنے لگے ہیں چنانچہ ایک ڈاکٹر لکھتا ہے کہ داڑھی پر بار بار استرا چلانے سے آنکھوں کی رگوں پر اثر پڑتا ہے اور ان کی بینائی کمزور ہوتی جاتی ہے دوسرا ڈاکٹر لکھتا ہے کہ نیچی داڑھی مضرصحت جراثیم کو اپنے اندر الجھا کر حلق اور سینہ تک پہنچنے سے روک لیتی ہے اور ایک ڈاکٹر یہاں تک لکھتا ہے کہ اگر سات نسلوں تک مردوں میں داڑھی منڈانے کی عادت قائم رہی تو آٹھویں نسل بے داڑھی کے پیدا ہوگی اور اس کا مطلب یہ ہے کہ

ہر نسل میں مادۂ منویہ کم ہوتے ہوئے آٹھویں نسل میں مفقود ہو جائے گا یہ اس ڈاکٹر کی پیشنگوئی نہیں جسکا تعلق نجوم سے ہے بلکہ ایک طبعی اصول ہے کہ صاف لہجہ والا بچہ اگر بار بار کسی ہکلے کی نقل اُتا تا رہتا ہے تو چند ہی روز میں ہکلا بن جاتا ہے پھر کتنی ہی کوشش کر لے ایک بات بھی بغیر ہکلاہٹ کے نہیں کہہ سکتا۔ اس بحث میں سب سے زیادہ واضح تحریر امریکن ڈاکٹر چارلس ہومر کی ہے جو حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ اس کا بلفظہ ترجمہ ایک مضمون نگار نے ڈارھی مونڈنے کے لئے برقی سوئیاں ایجاد کرنے کی مجھ سے فرمائش کی ہے تا کہ وہ تمام وقت جو داڑھی مونڈنے کی نظر ہوتا ہے بچ جائے لیکن سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر داڑھی کے نام سے لوگوں کو لرزہ کیوں چڑھتا ہے لوگ جب سروں پر بال رکھتے ہیں تو پھر چہرہ پر ان کے رکھنے میں کیا عیب ہے۔

کسی کے سر پر اگر کسی جگہ کے بال اڑ جائیں تو اسے اس گنج کے اظہار سے شرم آیا کرتی ہے لیکن یہ عجب تماشا ہے کہ اپنے پورے چہرے کو خوشی سے گنجا کر لیتے ہیں اور اپنے کو داڑھی سے محروم کرتے ذرا نہیں شرماتے جو کہ مرد ہونے کی سب سے زیادہ واضح علامت ہے۔ ﴿ماخوذ از داڑھی کا وجوب﴾

اللہ تعالٰی سے دعاء ہے کہ تمام مسلمانوں کو شریعتِ مطہرہ کے مطابق

زندگی گزارنے کی توفیق عطاء فرمائے اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح صورت، شکل لباس، وضع قطع، رہن سہن اپنانے کی توفیق عطاء فرمائے۔

آمین ھو نعم الوکیل

راقم الحروف: احسان اللہ شائق عفا اللہ عنہ

Www.Ahlehaq.Com

Www.Ahlehaq.Com

# داڑھی سے متعلق ایک نظم سے اقتباس

قبر کی کچھ کرلو تیاری
رکھ لو بھیا اب تو داڑھی

سامنا جب آقا کا ہو
جھکے نہ گردن شرم کے مارے

شکل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو اپنائے گا
رب کا پیارا وہ بن جائے گا

برسے گی اس پر رحمتِ باری
رکھ لو بھیا اب تو داڑھی

جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کو دکھایا
اللہ کو گویا اس نے ستایا

حشر میں ہوگی اس کی خواری
رکھ لو بھیا اب تو داڑھی

Www.Ahlehaq.com

للہ داڑھی اب نہ منڈانا
اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دل نہ دکھانا
سنت ان کی ہے یہ پیاری
رکھ لو بھیا اب تو داڑھی
قبر میں جب تم کل جاؤگے
آقا کو کیا منہ دکھلاؤ گے
عقل میں آئی یہ بات تمہاری
رکھ لو بھیا اب تو داڑھی
جس نے سنت کو اپنایا
اس نے بڑا نفع کمایا
گواہی دیں گے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری
رکھ لو بھیا اب تو داڑھی

Www.Ahlehaq.Com

## چند مفید کتابیں


جنت کی ضمانت ............ مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب

گلزار سنت ............ مولانا ارشاد احمد فاروقی صاحب

مستند معمولات صبح وشام ............ مفتی ابو محمد زمزی صاحب

مسنون دعائیں ............ مولانا عاشق الٰہی رحمہ اللہ

حافظ قرآن کا مقام ............ مولانا عبدالرحمٰن کوثر صاحب

شمائل کبریٰ (۵ جلد) ............ مولانا مفتی ارشاد قاسمی صاحب

فضائل صلوٰۃ وسلام ............ مولانا عاشق الٰہی رحمہ اللہ

اصلاحی مقالات ............ مولانا عاشق الٰہی رحمہ اللہ

الدعا المسنون ............ مولانا مفتی ارشاد قاسمی صاحب

سیرت النبی ﷺ انسائیکلوپیڈیا ............ سید عرفان احمد صاحب


Www.Ahlehaq.Com